"تخلیقِ انسان"

از

(جناب شمس نوید)

پھینکتی انجم زہتاب پہ ذرّوں کی کمند
جو عناصر سے بھی آزاد، عناصر میں بھی بند
ایک گردش اُٹھی سیاروں کی گردش سے بلند
کوہ میں جوالا مکھی، بحر میں طوفان بنا
اور — "انسان" بنا!

دل کی دھڑکن نہ تھی کونین کی رعنائی کے پاس
زندگی جنتِ تخلیق میں سوئی تھی اُداس
میکدہ سرد تھا مفقود تھی عرفاں کی پیاس
گمشدہ خلد میں اللہ کا رومان بنا
اور — "انسان" بنا!

آگ اور نور کے مابین جگہ پاتا ہوا
بھوک اور تیاگ کے جذبات سے ٹکراتا ہوا
خود تڑپتا کبھی ماحول کو تڑپاتا ہوا
خطرۂ جنگ لئے امن کا امکان بنا
اور — "انسان" بنا!

تبصرے

تدوین حدیث از مولانا سید مناظر احسن گیلانی رحمۃ اللہ علیہ۔ تقطیع کلاں ضخامت ۴۷۴ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد چھ روپے آٹھ آنے۔ پتہ:- ادارۂ مجلس علمی کراچی (سابق ڈابھیل)

منکرین حدیث کا سب سے بڑا حربہ یہ ہے کہ احادیث کی تدوین دوسری تیسری ہجری میں ہوئی ہے اس لئے جو ذخیرہ تقریباً ایک صدی تک ادھر ادھر غیر مدون و مرتب پڑا رہا۔ اس کی نسبت یہ دعویٰ کیوں کر کیا جا سکتا ہے کہ وہ حذف و ترمیم اور جعل و تنسیخ سے بالکل محفوظ ہے۔ اس اعتراض کے جواب میں مولانا گیلانی نے تدوینِ حدیث کے موضوع پر جامعہ عثمانیہ میں توسیعی لکچررز کی صورت میں چار خطبات پڑھے تھے۔ بعد میں یہ خطبے برہان اور بعض دوسرے رسالوں میں بھی کالاً و جزءً شائع ہو گئے تھے اور علم و نظر کے طبقہ میں بڑی وقعت کی نگاہ سے دیکھے گئے تھے۔ ادارۂ مجلس علمی نے انھیں خطبات کو کتابی شکل میں چھاپ کر ان کو محفوظ کرنے کے علاوہ اس لائق بنا دیا ہے کہ لوگ زیادہ سے زیادہ اس سے فائدہ اٹھائیں۔ اگرچہ اس کا موضوع تدوین حدیث ہے۔ لیکن مولانا گیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا قلم جب چل پڑتا تھا تو پھر سرگشتۂ خمارِ رسوم و قیود" رہنا نہیں جانتا تھا۔ چنانچہ اس کتاب میں بھی خاص موضوع بحث کے علاوہ فن حدیث و فقہ۔ تاریخ و سیر سے متعلق سیکڑوں وقائق و لطائف ہیں جو علما اور طلبا کے لئے بڑے کام کی چیزیں ہیں جہاں تک نفسِ موضوع کا تعلق ہے تو حقیقت یہ ہے مولانا مرحوم نے اس کو اس قدر بسط و تفصیل اور جامعیت کے ساتھ بیان کیا ہے کہ مشکل سے ہی کوئی شخص اس پر اضافہ کر سکتا ہے۔

موطا امام محمد مترجم اردو تقطیع کلاں ضخامت ۷۸۴ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد درج نہیں۔ پتہ محمد سعید اینڈ سنز ناشران و تاجران کتب قرآن محل مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے جو روایات حضرت یحییٰ ابن یحییٰ اللیثی سے لی تھیں ان کے مجموعہ کا